# نئے سرے سے خاندانی قربان گاہ بنانا



بہت عرصہ گزر گیا ہے کہ بزرگ یعقوب نے راخل کیساتھ شادی کی اور شادی کرنے کے بعد یعقوب راخل کے والد کیساتھ رہنے لگا اور اس کیلئے کام کرتا تھا۔ چند وجوہات کی وجہ سے ان کے حالات کشیدہ ہو گئے۔ ایک دن جب لابن وہاں نہیں تھا۔ یعقوب نے اپنا سارا سامان باندھا اور اور لابن کے گھر سے نکل گیا۔ لابن کو یہ بات ناگزیر لگی۔ لابن نے اس کا تعاقب کیا اور اسے جا پکڑا اور اسکی جھاڑ جھپاڑ کی اور کہا کہ تو کیوں میرے گھر سے چلا آیا۔ لابن نے آخری بات یہ کہی دہ لیکن تو میرے بتوں کو کیوں چرا لایا؟ (پیدائش $\frac{31}{30}$) در حقیقت اسکی اپنی بیٹی راخل اپنے باپ کے بتوں کو چرا لائی۔ غالباً اس نے اس غرض سے ان کو چرایا کہ وہ گھر کو چھوڑ رہی ہے تو وہ خاندان کو دل و جان سے یاد کرتی رہے۔ گھر کی کوئی اور چیز اسے گھر کی یاد نہیں دلا سکتی تھی جتنی کہ اس خاندان کی عبادت دلا سکتی تھی۔ جب راخل نے گھر کو خیرباد کہا تو حقیقت میں وہ خاندانی مذہب اپنے ساتھ لے آئی آج بھی ہمارے خاندانوں میں ایسی ہی بات پائی جاتی ہے

ہر خاندان کا ~~[illegible]~~ اپنا معبود ہے۔ ہر خاندان کو یہ سوال پوچھنا چاہیے کہ کیا ہمارے بچے گھر کو چھوڑتے وقت خاندانی خدا کو بھی چھوڑ کر چلے جائیں گے یا ابراہام، اضحاق، یعقوب اور ہمارے خداوند یسوع مسیح کے خدا کو اپنے ساتھ لے جائیں گے؟ بڑی حد تک ان سوالوں کا جواب اس بات میں ہو سکتا ہے کہ کیا ہمارے خاندانوں میں خاندانی عبادت ہوتی ہے؟

## خاندانی عبادت کا واضح بیان

مسیحی خاندانی عبادت کی تعریف عام فہم زبان میں یوں ہے کہ ہر خاندان کا سربراہ باقاعدہ کلام پڑھنے، گیت گانے اور دعا کرنے میں راہنمائی کرے

## خاندانی عبادت پرستش ہے

اس بات کو آگے بڑھائے بغیر یہ بات بہتر معلوم ہوتی ہے کہ خاندانی عبادت کو پرستش پر ترجیح دی جائے کیونکہ یوں یہ دل کی

تو تک بات پہنچتی ہے کہ خاندان کے ممبران کا مقدس مجمع محض مذہبی ڈسپلن نہیں بلکہ خدا تثلیث کیساتھ ملاقات کرتا ہے جس میں ہم تفہیم کیساتھ جواب دیتے ہیں۔

باجماعت عبادت کی مانند خاندانی پرستش کے بھی چند عناصر ہیں ان میں بڑی اور بنیادی بات کلام پڑھنا گیت گانا اور دعا کرنا ہے

اول۔ خاندان کلام کے ذریعے خدا کی پرستش کرتے ہیں۔

جب ہم بائبل پڑھتے ہیں تو خدا کلام کے ذریعے خدا ہمیں زبردست پیغام دیتا ہے۔ جو خود اُس کے اپنے بارے میں ہوتا ہے اور یہ خاص مند دنیا کے لئے اُس کے پیارے بیٹے کی نے بیان بخشش ہے۔ یہ پیغام محض اطلاع نہیں بلکہ خوشخبری کے طور پر ہے گویا کلام کا پڑھا جانا پرستش کرنا بن جاتا ہے تو خدا میں خاندان کے ممبران اکٹھے ہو کر خدا کی بخشش اور اُس کی حکمت جو اُس نے اپنے کلام کے ذریعے ظاہر کی ہے اُس پر غور و خوض کریں۔

دوئم۔ گیتوں کے ذریعے خاندان خدا کی پرستش کرتے ہیں۔ کوئی اس وقت بائبل نہیں پڑھ سکتا جب تک وہ اس حقیقت کو سمجھ نہیں لیتا کہ خدا کے لوگ گیت گاتے ہیں۔ 150 زبوروں میں یہ الفاظ استعمال ہوئے ہیں "گاؤ" یا "گیت" بنا محدود نہ ہو بھی سکتا ہے کہ آپس میں مزامیر، اور گیت اور روحانی غزلیں گایا کرو۔

سوئم۔ دعا کے ذریعے خاندان خدا کی پرستش کرتا ہیں

چونکہ دعا ایک عظیم طریقہ ہے جس کے ذریعے ہم خدا کا شکر کرتے ہیں (ہائیڈل برگ کتاب میں سوال نمبر 116) ہمیں یقین ہونا چاہیے کہ ہماری دعائیں لفظیاً ہوتی ہیں نہ کہ رسمی۔ خاندانی دعاؤں میں ایسے بیان ہونے چاہئیں جیسے بائبل جو بیان کرتا۔ مسیح کی کہانتی دعا کی طرح اس میں سوز و گداز ہو (یوحنا 17)

باقاعدگی کیساتھ خاندانی دعا کرنی چاہیے

جیسا کہ ابتدائی کلیسیا کا دستور تھا۔ جو بجا طور پر ہر روز دعا کرتے۔ خاندان میں ہفتہ میں ایک بار جماعتی عبادت کر لینا کافی نہیں۔

(اعمال 2/46 ، 5/42) دن خدا کا ہے اور وقت بھی۔ اس کا مدعی
خدا کا ہے ایماندار لوگوں نے ہمیشہ اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ روزانہ
عبادت کرنا یہ خدا کی مرضی ہے۔ اور خدا کو یہ بات پسند ہے (زبور 92/2)
روزانہ عبادت کرنے کو معمول بنانا بہت سارے خاندانوں کے لئے
مشکل ہے۔ لیکن ہم جن باتوں کو پسند کرتے ہیں ان پر پابند ہوتے ہیں
خاندانی پرستش پکا عہد ہونا چاہیے۔

بہشت - اس سے کہ خدا نے ہیکل میں عبادت کرنا شروع کیا۔
اس کے لوگ خاندانی خیموں میں عبادت کرتے تھے (زبور 118/15 میں
آیا ہے "صادقوں کے خیموں میں شادمانی اور نجات کی راگنی
ہے" خدا ایوب کی تعریف کرتا ہے اس لئے کہ وہ باقاعدہ خاندانی
عبادت کرتا تھا۔ (ایوب 1/5) پولس جب تیمتھیس کے ایمان
کا ذکر کرتا ہے تو وہ اس کی ماں اور نانی کے ایمان کے بارے بھی
بتاتا ہے۔ جب یہ دو یا تین اکٹھے عبادت کرتے مسیح ان کے بیچ میں
ہوتا۔ ان کی عبادت قبول کرتا اور برکت دیتا (متی 18/20) ایمانداروں
کو اکیلے علیحدگی میں دعا میں خدا کے ساتھ وقت گزارنا چاہیے
(متی 6/6) لیکن یہ بات کتنی عجیب ہے کہ مسیحی خاندان اکٹھے
مل کر عبادت نہ کریں

خاندانی عبادت کا دفاع کرنا۔

کلام خاندانی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہے۔ خاندان کے سربراہ کو خدا
حکم دیتا ہے کہ وہ خدا کی عبادت کرنے میں خاندان کی راہنمائی کرے۔
(استثنا 26/15) ترح کل انسانی حقوق ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ خدا نے
ابراہام کو چن لیا۔ اس لئے کہ میں جانتا ہوں کہ وہ اپنے بیٹوں کو اور گھرانا
کو جو اس کے پیچھے رہ جائیں گے وصیت کرے گا کہ وہ خداوند کی راہ
میں قائم رہ کر عدل و انصاف کریں تاکہ جو کچھ خدا نے ابراہام کے حق
میں فرمایا ہے اسے پورا کرے (پیدائش 18/19) اچھے چرواہوں کی طرح
ابراہام نے چاہا کہ اس کی نسل خدا کی چراگاہوں میں چرتے رہیں کی

مثال پر غور کرو۔ خدا اس کے بارے کہتا ہے "وہ دیندار تھا
اور اپنے سارے گھرانے سمیت خدا سے ڈرتا تھا (اعمال 10/2) اس
میں حیرانگی کی کوئی بات نہیں کہ جب خدا کرنیلیس کو کہتا ہے کہ
کرنیلیس کو بتائے کہ خوشخبری کو قبول کرے (اعمال 10/6) کرنیلیس
اپنے خاندان کو جمع کرتا ہے تاکہ وہ پیغام سنیں۔ جب پطرس وہاں
پہنچا کرنیلیس نے کہا، "اب ہم سب خدا کے حضور حاضر ہیں تاکہ جو کچھ
خدا نے تجھ سے فرمایا ہے اسے سنیں" (اعمال 10/33)

خاندانی عبادت سے روحانیت بڑھتی ہے۔

خاندانی عبادت ایک ایسا قابل گزر ہتھیار ہے جس کے
ذریعے خدا کے کلام سے بچوں کی تربیت اور ان کا شعور بڑھتا ہے
اس میں یہ کہنا مبالغہ آرائی نہیں کہ خاندانی عبادت کے وسیلے بائبل پڑھنے
کی بنیاد پڑتی ہے۔

کیا یہ اتفاق کی بات ہے کہ بہت ساری کلیسیائیں نوجوان طبقہ
کو کھو رہی ہیں، یہ افسوس کی بات ہے کہ ان میں خاندانی عبادت کی کمی ہے اس
کے برعکس جن کلیسیاؤں میں خاندانی عبادت ہوتی ہے ان کلیسیاؤں
میں نوجوانوں کا رجحان کلیسیا کی طرف بڑھتا ہے۔ جارج بارنہ دلیل کے ساتھ
کہتا ہے کہ جو مسیحی خاندان اپنے بچوں کو روحانیت اور سمت کا علم
مہیا کرتے ہیں ان میں ایک بات عام پائی جاتی ہے اور وہ یہ کہ
والدین ذمہ لیتے ہیں کہ وہ خدا کے کلام کو اپنی اور بچوں
کی زندگی میں وفاداری سے لگاتار استعمال کریں گے۔

جوئیل بیکی ایک مشنری کی کہانی سناتا ہے اس مشنری کا نام جان
پیٹن ہے۔ یہ کہانی دل پر اثر کرنے والی ہے وہ کسی حد تک خاندانی عبادت
میں دینداری گھرتا ہے خاندانی عبادت میں جو اسکا باپ کرواتا۔ پیٹن
لکھتا ہے کہ جب وہ اور تمام ہم خاندانی عبادت میں گھٹنے ٹیکتے تو وہ گویا
ہر دن بات اور ہر ایک کے لیے دل و جان سے دعا کرتا۔ اور ہمیں ایسے لگتا جیسے
کہ ہم زندہ منجی کی حضوری میں ہیں اسے جاننا چاہیے اور اسے دنیاوی
روحانی دوست کی طرح پیار کرنا چاہیے"

بچے جلد اس بات کا نوٹس لیں گے کہ آیا عبادت ہفتہ میں ایک ہی مرتبہ ہوتی ہے۔ لیکن تاریخ شاہد ہے کہ خدا بسا اوقات بڑی قدرت کیساتھ نوجوانوں کی زندگی میں کام کرتا ہے۔ جن کے دل روزمرہ کی خاندانی عبادت سے گرمائے جاتے ہیں

خاندانی عبادت کو تکمیل تک پہنچانا

• بہت سارے خاندان خاندانی عبادت کی ضرورت پر ایمان رکھتے ہیں۔ لیکن اس کو عملی جامہ پہنانے میں کوشش نہیں کرتے۔ ایسے حالات میں کیا کیا جائے؟

• مختلف خاندان خاندانی عبادت کا مطالعہ کریں۔ کچھ عرصہ گزرا ہمارے خاندان نے جوئیل بیکی کے کتابچہ "خاندانی عبادت" کو ایک ہفتہ پڑھنے میں گزارا۔ ہر شب ہم چند صفحے پڑھتے اور کچھ وقت جو کچھ ہم نے پڑھا اس پر تبصرہ کرتے۔ یہ بات بہت فائدہ مند تھی کیونکہ یوں ہم سب سیکھ رہے تھے۔

پروگرام پر قائم رہو۔

لمبی چوڑی تیاری کرنے پر یہ بھی اتفاق ہے کہ کلام پڑھ لینے سے شاید روحانی ترقی ہو۔ لیکن خاندانوں کو اپنے منصوبوں میں ہر قسم کے پروگرام شامل کرنا چاہئے۔ اور ان پر کاربند رہنا چاہئے۔ لیکن لگاتار کلام پڑھنے کا منصوبہ بنانا چاہئے۔ اور بائبل کو اس طور سے پڑھیں جس طرح پڑھنے کا حق ہے۔

مناسب وقت تجویز کرو۔

جب تک خاندان میں منصوبہ کے مطابق عبادت کرنے کا قانون نہیں بنائیں گے تو یہ دوسرے پروگراموں کیساتھ ٹکر کرتا رہے گا۔ کچھ خاندان علی الصبح خاندانی عبادت کرنے کا پروگرام بناتے ہیں کچھ شام کے کھانے کے بعد۔ لیکن جو خاندان عبادت کیلئے وقت نہیں نکالتے ان کو اپنے پروگراموں میں عبادت کا وقت بھی اندراج کرنا چاہئے۔

گیت گانا

چند خاندانی عبادت میں گیت گانا اچھی بات سمجھتے ہیں

وہ خاندان جن کی گیت گانے والے خاندانوں میں شامل نہیں ہوتی۔ ان کی گیت گانا مشکل لگتا ہے جن گیتوں سے آپ واقف ہیں ان سب کے ساتھ گانا شروع کریں۔ اور جیسے ہی آپ ترقی کریں گے۔ گیت گانے کی عبادت بڑھے گی۔

باقاعدگی پر زور دو۔

میری زندگی میں ایک وقت ایسا آیا کہ میں گیت چاہ لکھ رہی ہوں۔ کیونکہ میری مرضی کے مطابق خاندانی عبادت نہیں ہوتی تھی۔ خاندانی عبادت کا مطلب درستی پڑھانے کی طرح ہے۔ دو نسلوں میں گزرے ہوتے ہیں لیکن وہ سب جمع ہوتے ہیں۔ وہ محل سے دور ہو جاتے ہیں

ہر گھر میں ایک مذبح ہوتا ہے۔ جس کے گرد وہ عبادت کرتے ہیں۔ سکاٹ لینڈ کے پادری جیمس ہملٹن نے کہا ،، کہ آخر عدالت کے دن اسے خاندانی مذبح اور گھریلو خاندان کے ساتھ اس نسل کے خلاف کھڑا ہوگا اور ان کو مجرم ٹھہرائے گا۔ کیونکہ انہوں نے مجھے مذبح پر جیسے آتش چھوٹا جوش اور باقاعدگی کے ساتھ عبادت کی گیت دن بہ دن خدا کے لوگوں کے گھروں میں خاندانی مذبح کبھی کبھار یا بے جان طور پر استعمال ہوتا ہے اور یہ باتیں مجھے خدا کو رلاتی ہیں۔

خداوند یسوع انجیل کے ذریعے ہماری اور ہمارے خاندانوں کی زندگیوں میں آتا ہے۔ جس جگہ وہ داخل ہوتا ہے۔ وہاں اس کی عبادت ہونی چاہئے جہاں اس کی عبادت ہوتی ہے وہ وہاں موجود ہے وہ زندہ ہے اور کام کرتا ہے۔ اور برکت دیتا ہے۔

ہماری اپنی مذہبی حالت کیسی ہے؟ ہمارے خاندان کی مذہبی حالت کیسی ہے؟ کیا ہمارا خاندان باقاعدہ سنجیدگی اور دل سے عبادت کرتا ہے؟ ہم خدا کو کیا جواب دیں گے؟ اپنی خاندانی عبادت پر غور کرو۔